اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

نوٹس ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ اٹلس بیٹری لمیٹڈ کے حصص داران کا غیر معمولی اجلاس عام بروز بدھ مورخہ 19 دسمبر 2018 کی صبح 10:00 بجے بمقام دوسری منزل، فیڈریشن ہاؤس، شاہراہِ فردوسی، کلفٹن، کراچی میں مندرجہ ذیل کاروباری امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جارہا ہے۔

عام امور:

1 - مورخہ 27 ستمبر 2018 کو منعقدہ سالانہ عام اجلاس کی کارروائی کی تصدیق

خصوصی امور:

2 - سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ (سائٹ)، کراچی میں واقع پلاٹ کی میسرز شیرازی انویسٹمنٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، جو کہ ہولڈنگ کمپنی ہے، اسے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز پر 650,000,000/- روپے میں فروخت کرنے پر غور وخوص اور منظوری۔

مندرجہ ذیل قراردادوں کی تبدیلی یا بغیر کسی تبدیلی کے ساتھ، اس کی منظوری؛

2.1 طے پایا کہ "اٹلس بیٹری لمیٹڈ کو اختیار تفویض کیا جاتا ہے کہ وہ سندھ انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ (سائٹ) کراچی میں واقع 2.34 ایکڑ رقبہ پر موجود پلاٹ کو میسرز شیرازی انویسٹمنٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، جو کہ ہولڈنگ کمپنی ہے، اسے 650,000,000/- روپے میں فروخت کرسکتی ہے۔"

2.2 مزید طے پایا کہ "ڈائریکٹرز کو اختیار حاصل ہے کہ وہ مندرجہ بالا قرارداد کو موثر بنانے کے مقصد سے کمپنی کے کسی بھی آفیسر یا کسی بھی ایک ڈائریکٹر کو زمین کی فروخت کے لیے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لانے کا مجاز قرار دے سکتے ہیں۔"

دیگر امور:

3 - جناب چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

محمد اقبال

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 28 نومبر 2018

نوٹس:

1 - کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں 12 دسمبر 2018 تا 19 دسمبر 2018 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ وہ تمام حصص منتقلی کی دستاویزات جو قواعد وضوابط کے مطابق ہمارے شیئر رجسٹرار کے آفس بمقام میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی میں کاروبار کے اختتام سے پہلے 11 دسمبر 2018 تک وصول ہوں گے، وہ وقت پر موصول تصور ہوں گے۔

2 - کوئی بھی ممبر جو غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا / کی حقدار ہے، وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے ممبر کو بطور اپنا پراکسی مقرر کرسکتا / سکتی ہے۔ پراکسی کے متوثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں یا شیئر رجسٹرار کے آفس میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہوجائیں۔

3 - سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی (CDC) کے انفرادی رکن جو اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے / کی حقدار ہیں وہ شناخت کے طور پر اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) اور CDC اکاؤنٹ نمبر ضرور ساتھ لائیں۔ پراکسی کی صورت میں کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا لازمی ہے۔ مذکورہ مقصد کے لیے کارپوریٹ ممبرز کے نمائندے اپنے ساتھ مطلوبہ دستاویز ضرور لائیں۔

4 - اراکین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو فوری اطلاع دیں۔

5 - اراکین سے درخواست ہے وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) کی نقل بذریعہ ڈاک یا فیکس ارسال کریں (اگر پہلے نہ دی ہو) تاکہ کمپنی متعلقہ قوانین کے مطابق عمل کرسکے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت بیان

اٹلس بیٹری لمیٹڈ کے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 19 دسمبر 2018 کے نوٹس کے ہمراہ یہ بیان منسلک کیا جارہا ہے جس کے تحت خصوصی کاروبار انجام دیئے جائیں گے۔ اس بیان کا مقصد اس خصوصی کاروبار سے متعلق مادی حقائق کو سامنے رکھنا ہے۔

ایجنڈے کا آئٹم نمبر 2

اس وقت اٹلس بیٹری لمیٹڈ کے پاس سائٹ ایریا، کراچی میں چار مختلف جگہیں ہیں۔ جنہیں مینوفیکچرنگ اور اسٹوریج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ انتظامیہ کا موقف ہے کہ کمپنی کے تمام امور تین مقامات پر انجام دیئے جاسکتے ہیں اور ایک مقام کو فروخت کیا جاسکتا ہے۔ فروخت سے حاصل ہونے والی 650 ملین روپے کی رقم سے کمپنی کی سیالیت میں بہتری اور مالی اخراجات میں کمی واقع ہوگی۔

جناب یوسف ایچ شیرازی جو کہ اٹلس بیٹری لمیٹڈ کے چیئرمین اور جناب علی ایچ شیرازی جو کہ اٹلس بیٹری لمیٹڈ کے پریذیڈنٹ / چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیں، وہ میسرز شیرازی انویسٹمنٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز بھی ہیں۔ جناب بشیر مکی اور جناب فراہیم علی خان اٹلس بیٹری لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز اور میسرز شیرازی انویسٹمنٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے ملازمین ہیں۔ کسی بھی دوسرے ڈائریکٹرز کا میسرز شیرازی انویسٹمنٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ میں کوئی مفاد نہیں ہے۔